This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

| | | |
|---|---|---|
| S. No. of Question Paper | : | **5447** |
| Unique Paper Code | : | **2145001006** |
| Name of the Paper | : | **Study of Urdu Prose-II** |
| Name of the Course | : | **GEL (Common Prog. Group)** |
| Semester | : | **II** |

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **90**

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)*

**نوٹ :** صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے :

(الف)

خانساماں سے عہد وفا استوار کرنے اور اسے ہمیشہ کے لئے اپنا غلام بنانے کا ڈھنگ کوئی مرزا عبدالودود بیگ سے سیکھے۔ یوں تو ان کی صورت ہی ایسی ہے کہ ہرکس وناکس کا بے اختیار نصیحت کرنے کو جی چاہتا ہے لیکن ایک دن ہم نے دیکھا کہ ان کا دیرینہ باورچی بھی ان سے ابے تبے کرکے باتیں کررہا ہے۔ ہماری حیرت کی انتہا نہ رہی، کیوں کہ شرفا میں انداز گفتگو محض مخلص دوستوں کی ساتھ روا ہے۔ جہلا سے ہمیشہ سنجیدہ گفتگو کی جاتی ہے۔ ہم

P.T.O.

نے مرزا کی توجہ اس امر کی طرف دلائی تو انہوں نے جواب دیا کہ میں نے جان بوجھ کر اس کو اتنا منہ زور اور بدتمیز کر دیا ہے کہ اب میرے گھر کے سوا اس کی کہیں اور گزر نہیں ہوسکتی۔

کچھ دن ہوئے ایک مڈل فیل خانساماں ملازمت کی تلاش میں آنکلا اور آتے ہی ہمارا نام اور پیشہ پوچھا۔ پھر سابق خانساماں کے پتے دریافت کیے۔ نیز یہ کہ آخری خانساماں نے ملازمت کیوں چھوڑی ؟ باتوں باتوں میں انہوں نے یہ عندیہ بھی لینے کی کوشش کی کہ ہم ہفتے میں کتنی دفعہ باہر مدعو ہوتے ہیں اور باورچی خانے میں چینی کے برتنوں کے ٹوٹنے کی آواز سے ہمارے اعصاب اور اخلاق پر کیا اثر مرتب ہوتا ہے۔ ایک شرط انہوں نے یہ بھی لگائی کہ اگر آپ گرمیوں کی چھٹیوں میں پہاڑ پر جائیں گے تو پہلے ''عوضی مالک'' پیش کرنا پڑے گا۔

(ب)

اہاہاہا میرا پیارا مہدی آیا۔ آخر بھائی، مزاج تو اچھا ہے۔ بیٹھو، یہ رامپور ہے، دارالسرور ہے۔ جو لطف یہاں ہے وہ اور کہاں ہے۔ پانی سبحان اللہ۔ شہر سے تین سو قدم پر ایک دریا ہے اور کوسی اس کا نام ہے۔ بے شبہ چشمہ آب حیات کی کوئی سوت اس میں ملی ہے۔ خیر اگر یوں بھی ہے تو بھائی آب حیات عمر بڑھاتا ہے۔ لیکن اتنا شیریں کہاں ہوگا۔ تمہارا

خط پہنچا۔ تر دو عبث۔ میرا مکان ڈاک گھر کے قریب اور ڈاک منشی میرا دوست۔ نہ عرف لکھنے کی حاجت نہ محلے کی حاجت۔ بے وسواس خط بھیج دیا کیجئے اور جواب لیا کیجئے۔ یہاں کا حال سب طرح خوب ہے اور صحبت مرغوب ہے۔ اس وقت مہمان ہوں دیکھو کیا ہوتا ہے۔ تعظیم و توقیر میں کوئی دقیقہ فردگذاشت نہیں ہے۔ لڑکے دونوں میرے ساتھ آئے ہیں۔ اس وقت اس سے زیادہ نہیں لکھ سکتا۔

۲۔ اردو خطوط نگاری کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔

۳۔ پطرس بخاری کی مضمون نگاری پر ایک مضمون لکھئے۔

۴۔ راشد الخیری کی مزاح نگاری کے بنیادی عناصر پر اظہار خیال کیجئے۔

۵۔ خطوط غالب کے اسلوب نگارش کا جائزہ لیجئے۔

۶۔ اردو میں طنز و مزاح کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

۷۔ مشتاق احمد یوسفی کی مزاح نگاری کے امتیازات بیان کیجئے۔

۸۔ ''مظلوم کی فریاد'' کے فنی پہلوؤں پر تبصرہ کیجئے۔